Statens barnehus

فیملی میٹنگ

Barnehuset میں فیملی میٹنگ

آپ کو Barnehusetمیں ایک معلوماتی میٹنگ میں بلایا گیا ہے جہاں آپ کے بچے نے پولیس کو انٹرویو دیا ہے۔

Barnehuset میں میٹنگ کیوں رکھی گئی ہے؟

ہم آپ کو معلومات دینا چاہتے ہیں کہ آج آپ کے بچے کے ساتھ کیا ہوا ہے، اس سے پہلے کہ آپ بچے سے ملیں اور اکٹھے گھر جائیں۔ آپ کے لیے یہ دیکھنا بھی اہم ہو سکتا ہے کہ آپ کے بچے نے کہاں وقت گزارا ہے اور وہ کس سے ملا ہے۔

ہم جانتے ہیں کہ Barnehuset میں آنا اور انٹرویو دینا بچوں اور بڑوں دونوں کے لیے پریشانی کا باعث ہو سکتا ہے۔ اس لیے ہم آپ لوگوں کو اچھی معلومات دینا یقینی بنائیں گے تاکہ آپ لوگ بحیثیت گھرانہ صورتحال کو بہترین ممکن طور پر سمجھ اور سنبھال سکیں۔

آپ Barnehuset میں کیا کریں گے؟

- آپ کو علم ہو گا کہ دن کیسا گزرا ہے، دن بھر آپ کے بچے کا کیا حال رہا ہے اور کون آپ کے بچے کو یہاں لایا ہے
- آپ کو یہ تفصیل معلوم ہو گی کہ کون لوگ اس معاملے میں شامل رہے ہیں
- آپ کو رہنمائی اور مشورہ ملے گا کہ آپ انٹرویو کے بعد اپنے بچے سے کیسے مل سکتے ہیں
- آپ کو اس کیس میں کام کرنے والے سب لوگوں کی رابطہ تفصیلات ملیں گی اور آپ ادارہ تحفظ بچگان اور Barnehuset کے ساتھ آئندہ معاملات طے کر سکتے ہیں

آپ کی ملاقات کس سے ہو گی؟

- پولیس کے تفتیشی اہلکار
- ادارہ تحفظ بچگان کے کیس افسر
- Barnehuset کا عملہ

جب آپ Barnehuset میں آئیں گے تو کیا ہو گا؟

جب آپ Barnehuset میں آئیں گے تو آپ تفتیشی اہلکار، Barnehuset کے عملے اور ادارہ تحفظ بچگان کے عملے سے ملیں گے۔

پہلے پولیس کے تفتیشی اہلکار آپ کو معلومات دیں گے۔ معلومات دینے کے بعد تفتیشی اہلکار میٹنگ سے چلے جائیں گے۔ پھر ادارہ تحفظ بچگان اور Barnehuset کے لوگ آپ کو مختصراً بتائیں گے کہ دن کے دوران کیا کچھ ہوا ہے اور آپ کے بچے کا کیا حال رہا ہو گا۔

کبھی کبھار اس بارے میں بچوں کی اپنی کچھ خواہشات ہوتی ہیں کہ انٹرویو کے بعد گھرانے میں حالات کیسے ہوں۔ ادارہ تحفظ بچگان اور Barnehuset تھوڑا سا ذکر کریں گے کہ آپ کے بچے نے کیا کہا ہے اور اگر ضرورت ہو تو آپ لوگ یہ پلان بنا سکتے ہیں کہ آپ لوگوں کے گھر جانے کے بعد کیا ہو گا۔

ادارہ تحفظ بچگان اور Barnehuset کے ساتھ بات چیت کے بعد آپ لوگ اپنے بچے کے پاس جائیں گے جو ایک الگ کمرے میں ہو گا۔ اب آپ کو Barnehuset کے مزید کچھ حصے دیکھنے کا موقع ملے گا۔

آخر میں ہم بچے، آپ والدین، ادارہ تحفظ بچگان اور Barnehuset، سب کے ساتھ ایک مشترکہ اختتامی میٹنگ کریں گے۔ اس میٹنگ کے بعد آپ لوگ گھر جا سکتے ہیں۔

رابطہ تفصیلات:

تفتیشی اہلکار	
ادارہ تحفظ بچگان	
(Statens barnehus)	

POLITIET

STATENS BARNEHUS
Et tverrfaglig kompetansehus